# 312 ـ ذی روح کی تصاویر والے میگزین

**سوال**

تصاویر والے اسلامی میگزین رکھنے کا حکم کیا ہے ؟

**پسندیدہ جواب**

الحمد للہ.

اسلامی میگزین جن میں تصاویر ہوں رکھنے میں کوئی حرج نہیں، کیونکہ جو شخص انہیں رکھ رہا ہے وہ فائدہ کے لیے رکھا رہا ہے نہ کہ تصاویر کی بنا پر، لیکن وہ میگزین جو تصاویر کی بنا پر جاری کیے جاتے ہیں، اور تصاویر کی بنا پر ہی رکھے جاتے ہیں ان کا رکھنا حرام ہے، کیونکہ جس گھر میں تصویر ہو وہاں فرشتے داخل نہیں ہوتے " اھـ

دیکھیں: لقاء الباب المفتوح ( 52 ).

اور اگر میگزین مفید ہوں اور شخص انہیں رکھنا چاہے تو پھر وہ اس کے ٹائٹل اور اوراق پر موجود تصاویر کو مٹا دے.

واللہ اعلم .